# اہم اسلامی ویب سائٹس کا مختصر تعارف

پروفیسر ڈاکٹر نزہت عظیم ☆

کہا جاتا ہے کہ ایران کے بادشاہ جمشید کے پاس ایسا پیالہ تھا جس میں وہ پوری دنیا کو دیکھ سکتا تھا، یہ بڑی عجیب بات تھی لیکن اب یہ عجیب بات نہیں رہی، کیونکہ ہم ٹیلی ویژن کے سامنے بیٹھ کر دنیا کے حالات سے باخبر ہو سکتے ہیں، اب تو معاملہ اس سے بھی آگے جا چکا ہے، اب ایک بٹن دباتے ہیں دنیا کے کسی بھی حصے میں جا کر ہم رابطہ کر سکتے ہیں۔

کمپیوٹر تو ویسے بھی انیسویں صدی کی اہم اور بڑی ایجاد ہے، اس پر ویب سائٹ اور انٹرنیٹ کی ایجاد نے اسے مزید مفید بنا کر انقلاب برپا کر دیا ہے۔

آپ میں سے اکثر نے کمپیوٹر چلایا ہوگا اور اب تو ہر گھر کی ضرورت بن چکا ہے، آپ اسے ٹیلی فون سے منسلک کر کے اور انٹرنیٹ فیس ادا کر کے ایک نئی دنیا میں داخل ہو سکتے ہیں، جہاں انٹرنیٹ پر سامنے بہت سی بلکہ ان گنت ویب سائٹس ہوں گے کسی خاص شعبے یا مضمون کے متعلق تمام معلومات کمپیوٹر کے ایک حصے میں محفوظ کر کے انٹرنیٹ سے منسلک کر دیا جاتا ہے، جس کے بعد اسے جو چاہے اپنے کمپیوٹر پر دیک دیکھ سکتا ہے، اسے ویب سائٹ کا نام دیا جاتا ہے، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ ایجاد کرنے کا سہرا ٹم برنرز لی کے سر ہے، وہ ۸/ جون ۱۹۵۵ء کو لندن میں پیدا ہوا، اسے بچپن ہی سے نت نئی چیزیں بنانے کا شوق تھا، اس کے پسندیدہ مضمون فزکس، ریاضی اور الیکٹرانکس تھے، وہ اکثر حساب کے مشکل سوالات کو خیال تربیت دے کر انہیں حل کرنے میں مصروف رہتا وہ دن اس کے والدین کے لئے بھی حیران کن تھا جب اس نے کارڈ بورڈ کا نمائشی کمپوٹر بنالیا اور اسے الیکٹرانکس کے خود ساختہ

---

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر پولیٹیکل سائنس سرسید گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج۔

ڈر یا گرامز سے سجایا۔

تعلیم حاصل کرنے کے بعد ٹم برنرز لی نے جنیوا کی مشہور کمپنی (Cern) میں ایک سوفٹ ویئر انجینئر کی حیثیت سے عملی زندگی کا آغاز کیا۔ (Cern) طبعیات کے تجربات کی لیبارٹری ہے، یہاں کام کے دوران اکثر اس کے ذہن میں یہ خیال آتا کہ کوئی ایسا جدید نظام ہونا چاہئے جو پلک جھپکتے ہی مطلوبہ معلومات فراہم کردے۔ کیونکہ انسانی ذہن میں ہم تمام معلومات ذخیرہ تو کر لیتے ہیں، اور بسا اوقات ہم یادداشت کے سہارے ان سے خاطر خواہ فائدہ بھی اٹھالیتے ہیں، مگر اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ باوجود ذہن پر زور دینے کے ہم کوئی خاص معلومات یا حوالہ وقت پر دینے سے قاصر رہتے ہیں، اس خیال کے آتے ہی اس نے کمپیوٹر کے مرکزی نظام میں تبدیلی اور جدت پیدا کر کے ایسے نظام کی بنیاد رکھی جن کی مدد سے ضرورت وقت کوئی بھی معلومات یا نصابی کتاب کا کوئی بھی باب کھول کر اس کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔

ان معلومات کے حصول کے لئے اس نے ''انکوائری'' کا لفظ استعمال کیا۔ کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں پہلا اشارہ تھا جس کے ملتے ہی کمپوٹر تمام ذخیرہ شدہ معلومات ظاہر کر دیتا ہے، یہ ٹم برنرز لی کی کامیابی کی پہلی پوزیشن ہے، ابھی تک تو وہ صرف ایک سوفٹ ویئر انجینئر تھا اور سوفٹ ویئر انجینئر ان گنت تھے۔ جن کی اپنی کوئی شناخت نہ تھی۔ مگر وہ شناخت بنانے میں مصروف تھا اور اپنی ساری توانائی علم کے حصے میں آسانیاں پیدا کرنے کے لئے صرف کر رہا تھا، تاکہ کمپیوٹر سے لوگ کم وقت میں زیادہ زیادہ معلومات حاصل کرسکیں، اسے شاید یہ اندازہ نہ تھا کہ اس کی یہ مخلصانہ سوچ اور نیک ارادے اسے ایک دن کمپیوٹر اور ویب سائٹ کی دنیا کا ہیرو بنادیں گے۔

اس مرحلے میں اس نے ضروریات کی تمام معلومات تجربات اور تفصیلات کمپیوٹر کے ایک خاص حصے میں محفوظ کرلیں اور اس حصے کو''ویب سائٹ'' کا نام دیا گیا لیکن ابھی کام باقی تھا کیونکہ وہ علم کا دروازہ ہر ایک کی دسترس میں دینا چاہتا تھا، بالکل اس طرح کہ جب

دوسرے لوگ اتنی قیمتی معلومات پر مشتمل کوئی ویب سائٹ بنائیں تو وہ صرف ان ہی تک محدود نہ رہیں بلکہ اسے کمپیوٹر استعمال کرنے والا ہر شخص فائدہ اٹھائے۔ اب اس نے اس آئیڈیے پر کام کرنا شروع کر دیا۔ اس نے سوچا کہ یہ اسی طرح ہے جب کمپیوٹر ایک دوسرے سے کسی خاص نظام یا ''کوڈ ورڈ'' کے ذریعے منسلک ہوں، اب اسے ایسے لوگوں کی تلاش ہوئی جو اسے اپنے ذاتی کمپیوٹر میں اس جدید نظام کو نصب کرنے کی اجازت دیں، اس کام کا آغاز اس نے اپنے ادارے میں کام کرنے والے دوستوں کے کمپیوٹروں سے کیا اور ان کے کمپیوٹر میں ویب سائٹ ترتیب دے کر اس کے آپریشن کی ''کمانڈ'' واضح کر دی۔ اس کے یہ تجربات کامیاب رہے اور یوں ٹم برنرزی کی کوشش کمپیوٹر کی دنیا میں انٹرنیٹ اور ویب سائٹ کے وجود کی حیثیت سے سامنے آئیں۔

دنیا کی کوئی بھی ایجاد اچھی یا بری نہیں ہوتی۔ بات صرف یہ ہے کہ ہم اس کو استعمال کیسے کرتے ہیں، کمپیوٹر اور ویب سائٹ نے جہاں معلومات کے خزانے بکھیرے ہیں وہاں مغربی تہذیب کی بے راہ روی کو بھی اجاگر کیا ہے آج کا نوجوان مغرب کی بظاہر چکا چوند کر دینے والی روایات سے اکتا چکا ہے۔ اسے احساس ہو چکا ہے کہ ہماری ترقی شاندار اسلامی روایات اور علوم وفنون میں پوشیدہ ہے۔ یہ وہ علم ہے جس سے روح کو سکون اور دل و دماغ کو تقویت ملتی ہے۔ ہم میں سے اکثر لوگ اسلامی علوم سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے بہت سی ویب سائٹ موجود ہیں جن میں سے چند کا ہم یہاں ''اخبار تحقیق'' اور ''مکالمہ'' سے استفادہ کرتے ہوئے ذکر کر رہے ہیں۔

## www.auicks.org

یہ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ کی ویب سائٹ ہے اس میں انجمن کی مختصر تاریخ، کراچی کے گورنمنٹ کالجز کے نام و پتے، اسلامیات سے وابستہ اساتذہ کرام کی فہرست موجود ہے، اور ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل جو چار سو سے زائد صفحات پر اردو، عربی، انگریزی اور سندھی زبان کے اسلام وسیرت النبی ﷺ کے تحقیقی مضامین پر مشتمل ہوتا

ہے اس کا اس ویب سائٹ پر مفت میں مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ اکتوبر ۲۰۰۵ء سے میرج بیورو کے عنوان سے نئے شعبہ کا آغاز ہو رہا ہے جس میں اساتذہ خود اپنے اور متعلقین کے لئے مخلص ''پر فارما'' بھر کے رشتے تلاش کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر شبیر احمد اور ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کے اسلامی موضوعات پر منتخب مقالات کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ اس ویب سائٹ پر اسلام کے مختلف موضوعات پر سوالات کے جوابات بھی دیئے جاتے ہیں۔

**www.islamicity.com**

یہ ویب سائٹ اسلام کی روشنیوں سے منور ہے۔ یہاں پر آپ قرآن مجید کو باآسانی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ قرآنی الفاظ کے مطالب و معانی بھی معلوم کرنے کی سہولت موجود ہے۔ ہوم پیج پر رمضان المبارک کے بارے میں تفصیلی مضامین موجود ہیں۔ اسلام، اسلامی بنیادی تعلیمات، مقدس ترین اسلامی واقعات اور اسلامی معاشرے کے متعلق کافی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ سیرت النبی ﷺ کے متعلق بھی رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہاں پر آپ کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے تمام نمازوں کو دیکھنے کی سعادت حاصل ہوسکتی ہے۔ **www.islamicity.com/ramadan**

اس یوآرایل کو ٹائپ کر کے انٹر کرنے سے آپ براہ راست رمضان المبارک کے پیج پر پہنچ جائیں گے جہاں اس مبارک اور برکتوں سے پر مہینہ کے بارے میں مفصل رہنمائی کی گئی ہے۔ یہاں روزہ، روزہ کے مسائل، چاند دیکھنے کے مسائل، شب قدر کا بیان، نماز تراویح، زکوٰۃ، فطراہ اور دیگر کئی دوسرے مسائل تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ اس سائٹ کے کافی زیادہ فیچر ہیں جو تفصیلی سرفنگ کے ذریعے ہی معلوم ہوسکتے ہیں۔ رمضان المبارک کے علاوہ بھی جب بھی آپ کو موقع ملے، اس سائٹ کی سرفنگ ضرور کریں اور دین سے متعلق اپنے علم میں اضافہ کریں۔

اسلام اور اسلامی تعلیمات کی آگاہی دینے والی یہ خوبصورت سائٹ سوال و جواب پر مشتمل ہے۔یعنی اسلامی تعلیمات اور مسائل کے بارے میں پوچھے گئے سوالات اور ان کے جوابات کا احاطہ کرتی ہے۔آپ اپنے تاثرات بھی ای میل کر سکتے ہیں۔سوالات کو انگریزی حرف تہجی (Alphabets) کی ترتیب سے رکھا گیا ہے، جس سے مطلوبہ موضوع کے سوالات تلاش کرنا نہایت سہل ہو گیا ہے۔اگر آپ دینی مسائل کے متعلق جاننا چاہتے ہیں تو اس سائٹ سے لازماً رجوع کریں۔ یہاں پر ایم ایس ورڈ فارمیٹ (MS Word Format) اور زپ فارمیٹ (Zip Format) میں سوالات اور جوابات کے والیوم (Volume) ڈاؤن لوڈ بھی کئے جاسکتے ہیں۔

## پاک دین www. pakdeen.com

قارئین کرام! اسلام کے نور کے ہالوں پر مبنی یہ **نادر روزگار** سائٹ **ہمارے** لئے کسی انمول خزانے سے کم نہیں ہے۔اس سائٹ پر آپ **قرآن مجید فرقان حمید** کی مختلف آیات مبارکہ منتخب کر کے پڑھ سکتے ہیں یعنی سرچنگ کر سکتے ہیں۔**اس کے ساتھ** ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کی سعادت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔علاوہ ازیں **ای میل کے ذریعے اپنے تاثرات کا** اظہار بھی کیا جاسکتا ہے۔مقدس اسلامی مقامات کی تصاویر **بھی دیکھ سکتے ہیں**۔اس سائٹ کی ایک اور نمایاں خصوصیت حج اور عمرہ کی ''آن لائن **گائیڈ'' ہے جس سے آپ** ان عظیم ترین عبادات کو ادا کرنے کے طریقوں سے مکمل آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔نعت شریف سننے کی سعادت بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔خطبات سننے کی سہولت بھی موجود ہے۔یہاں پر دنیا بھر کے ۵ ملین شہروں کے نماز کے اوقات معلوم کئے جاسکتے ہیں۔اپنا ملک، فہرست میں سے منتخب کریں اور دوسرے ٹیکسٹ باکس میں اپنے شہر کا نام ٹائپ کر کے Go بٹن دبا دیں۔آپ کے شہر کے نماز کے اوقات آپ کے سامنے آجائیں گے۔اس سائٹ پر ہجری سال اور تاریخ کو **انگریزی** تاریخوں میں (Convert) کیا جاسکتا ہے۔اسی طرح انگریزی تاریخوں کی ہجری میں (Conversion) ہو سکتی ہے۔اس روح پرور سائٹ کا ضرور مطالعہ کریں۔

''اسلامک فائنڈر'' www.islamicfinder.org

اسلام ایک ایسا عالمگیر اور ہمہ جہت مذہب ہے جو ازل سے لے کر ابد تک تمام بنی نوع انسان کے لئے مشعل راہ کا کام دیتا ہے اور اس کی آفاقی تعلیمات کو بھی زوال نہیں۔ اسلامی تعلیمات سے آگاہی کے ضمن میں مذکورہ سائٹ کافی حد تک معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ اس سائٹ کی ایک خاص الخاص بات یہ ہے کہ یہاں سے آپ ''اذان سافٹ ویئر'' با آسانی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ اس منفرد سافٹ ویئر کی خوبی یہ ہے کہ اس کی مدد سے آپ دن میں پانچوں مرتبہ اذان کی بابرکت اور دلوں کو قرار دینے والی خوبصورت آواز سن سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں دنیا کے مختلف ملکوں کے مختلف شہروں میں نمازوں کے اوقات بھی معلوم کئے جا سکتے ہیں۔ مختلف مساجد کے بارے میں بھی تفصیلی معلومات دستیاب ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دنیا کے مقدس ترین مقامات یعنی مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، کی تصاویر، قرآن مجید فرقان حمید اور کلمہ طیبہ کی ایمان افروز اور روح پرور تصاویر دیکھنے کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سائٹ پر بھی تاریخ کی منتقلی (Date Conversion) کی سہولت موجود ہے اسلامی اور انگریزی مہینوں کا مشترکہ کیلنڈر بھی موجود ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید، احادیث مبارکہ کے متعلق سرچنگ بھی کی جا سکتی ہے۔ اس خوبصورت ترین سائٹ کے دیگر فیچرز بھی بے مثال ہیں۔ اپنے ایمان کو جلا دینے اور دینی معلومات میں سیر حاصل اضافہ کے لئے اس سائٹ کا ضرور مطالعہ کریں۔

''نور مدینہ'' www.nooremadinah.net

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، یہ بہترین سائٹ حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں گلہائے عقیدت پیش کرنے کے لئے بنائی گئی ہے۔ یہ ایک مکمل آن لائن اسلامی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ یہاں آپ اللہ تعالیٰ اور حضور نبی کریم ﷺ کے اسمائے گرامی (معنی) کے ساتھ پڑھنے کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں۔ نعتیں ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے معجزات اور مقدس مقامات کے بارے میں ایمان افروز تصاویر بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ آڈیو اور ویڈیو

لائبریری سے نعتیں اور لیکچرز با آسانی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ اسلامی موضوعات پر تفصیلی مضامین موجود ہیں جن کو پڑھ کر علم و عرفان کے نئے دریچے وا ہوتے ہیں۔ اس سائٹ کی خوبیاں بے شمار ہیں۔ رمضان المبارک میں اور عام دنوں میں بھی اس سائٹ کو صرف کرتے رہا کریں۔ آپ کو اپنے عظیم ترین مذہب اسلام کی رفعتوں سے مزید آگاہی حاصل ہوگی۔

www.jannah"جنہ"

مذکورہ بالا سائٹ دین اسلام کی زرین تعلیمات پر مشتمل ہے۔ یہاں پر قرآن مجید فرقان حمید کا انگریزی ترجمہ پڑھنے کی سعادت حاصل کی جاسکتی ہے۔ مسلمان خواتین کے لئے اسلامی تعلیمات جامع اور لطیف پیرائے میں بیان کی گئی ہیں "مدینہ کمیونٹی" فورم کی بنیاد پر اپنے خیالات کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کے بارے میں بھی بیان کیا گیا ہے۔ اس سائٹ کے بہت سے فیچرز ہیں۔ وقت صرف کریں اور اپنی دینی معلومات میں اضافہ کریں۔

☆ قرآن وسنت سوسائٹی www.qss.ogr

☆ سوال جواب کی ویب سائٹ:www.islam-qa.com

☆ اسلامی تہذیب وثقافت سے متعلق ویب سائٹ:www.islam101.com

☆ اسلام سے متعلق کتابوں کی آن لائن لائبریری:www.al-islam.org

☆ اسلام اور عیسائیت کے مابین مکالمہ کی ویب سائٹ

www.ansering-islam.org.uk

☆ اسلامی تاریخ اور اسلام کے بارے میں قرون وسطیٰ کی کتابوں کی ویب سائٹ:

www.fordham.ebu/halsall/sbook1d.html

دنیا کے مختلف مذاہب کے بارے میں مطالعہ اور سماعت کے لئے بی بی سی کی عالمی سروس:

www.bbc.co.uk/worldservice/people/features/worldreligions

/islam.shtmi

☆ مطالعۂ اسلام کے علمی مآخذ جن میں قرآن، حدیث، سنت، شیعی اسلام، تصوف، اسلام دور جدید میں، مسلم خواتین اور اسلامی آرٹ کے بارے میں کتابیں ہیں اس کے لئے مطالعہ کریں: www.uga.ebu/islam/

☆ بین الاقوامی ہمہ لسانی مباحثہ: www.futureislam.com

☆ تمام انبیاء ایک ہی پیغام کے حامل تھے: www.inter-islam.org

☆ کیا اسلام اور دہشت ہم معنٰی ہیں؟ www.islamtomorrow.com

☆ اسلام میں عورت کا مقام:

www.answering-islam.org.uk/women/inislam.html

☆ اسلام اور بہائی مذہب: www.bci.org/islam-bahai

☆ تنزانیہ میں اسلام: www.islamtz.org

☆ خالص اسلام پیش کردہ اہل البیت اسمبلی یورپ: www.islam-pure.de

☆ مطالعۂ اسلام بطور علم:

www.groups.colgate.edu/aarislam/response.htm....

☆ اسلام اور مسلمان: www.religion.rutgers.ebu/vriislam.html

☆ اسلامی تاریخ کے اہم واقعات: www.barkati.net/english

☆ مطالعہ اسلام کے لئے ویب پر موجود اور طبع شدہ مواد تک رسائی

www.religiousmovements.lib.virginia.ebu/nrms/islam.html